© rasailojaraid.com



رکھا تو ایک شخص نے پوچھا۔

"بی بی تعجب ہے کہ ایسے مصیبت کے وقت بھی تم نے چہرہ پہ نقاب ڈال رکھی ہے"۔

آپ نے جواب میں فرمایا۔ اگر میں نے اپنا بیٹا کھویا ہے تو کیا اب شرم و حیا بھی کھو دوں"۔ (قاضی عبدالحلیم حقانی)

**سیرت دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم** | مرتب: محمد رفیق ایم اے۔ صفحات ۵۰ ۔ قیمت ۱۰ روپے

ملنے کا پتہ :۔ محمد رفیق ہیڈ ماسٹر تعلیم الاسلام ہائی سکول ٹیکسلا ۔ نزد مرکزی جامع مسجد ٹیکسلا

پیش نظر کتاب سیرت دو عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم دراصل طلبا اور طالبات کے لئے لکھی گئی ہے۔ تاہم عام مسلمانوں کے لئے بھی انتہائی مفید ہے۔ جناب محمد رفیق صاحب کے زیر اہتمام ٹیکسلا میں کافی ہائی و مڈل سکول طلبا اور طالبات کے لئے قائم ہیں۔ اور یہ کتاب ان سکولوں کے نصاب میں داخل ہے۔ کتاب کا انداز ایسا سادہ اور دل نشین ہے کہ بچے اسے شوق سے پڑھتے ہیں۔ کتاب میں سید دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی حیات طیبہ کو مختلف عنوانات میں تقسیم کر کے مفید مضامین ترتیب دئے گئے ہیں۔ بچوں کی دینی انداز میں تربیت کے لئے اس کتاب کا ہر گھر میں ہونا ضروری ہے۔ (عبدالقیوم حقانی)

**اقراء (تین اجزاء)** | تالیف۔ جناب محمد بشیر صاحب ایم اے ، صفحات ۸۸ ، ۱۴۷ ۔ قیمت مکمل سیٹ ۴۷ روپے ۔ ناشر دارالعلم ۶۶۹ ۔ آب پارہ مارکیٹ ۔ اسلام آباد

عربی، قرآن حکیم ، رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم اہل جنت اور اہل اسلام کی مذہبی زبان ہے۔ لغوی اور تحقیقی اعتبار سے عربی "ام الالسنہ" ہے۔ مسلمان کے لئے دینی اور مذہبی نقطۂ نظر سے عربی کا اتنا جاننا تو ضروری ہے کہ وہ قرآن حکیم کا ترجمہ احادیث نبوی کا مفہوم سمجھ سکیں۔ اس ضرورت اور احساس کے پیش نظر ہر دور میں علماء اور صالحین نے عربی سیکھنے اور پڑھنے پڑھانے کے لئے ابتدائی درجات کی تعلیمی کتب تالیف کیں۔

جناب محمد بشیر صاحب کی "اقراء" جو جدید عربی کا بہترین ریڈر ہے بھی اسی سلسلہ زریں کی ایک کڑی ہے مبتدیوں کی نفسیات ، بچوں کی فطرت اور تفہیم و تسہیل کے ہر ممکنہ پہلو کو ملحوظ رکھ کر یہ کتابیں مرتب کی گئی ہیں۔ دلچسپ اسباق اور آسان مشقوں کے ذریعے سے عربی کے کثیر الاستعمال جملوں اور محاوروں کی تعلیم دی گئی ہے۔

احقر نے ابتدائی درجات کے طلبہ کے لئے اس قدر جامع ، سہل اور نافع کتاب عربی زبان کی نہیں دیکھی۔ اساتذہ عربی اور دینی مدارس کے ارباب اختیار اور فروغ عربی کے تعلیمی ادارے اگر ادھر توجہ دیں تو یقین ہے کہ تعلیم عربی میں اقراء سے بہت زیادہ نفع حاصل کیا جاسکتا ہے (ع ق ح)



© rasailojaraid.com